ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (537)

مورخہ 07.10.2023

**بہاولپور ( ) فرینڈز آف پولیس // قائداعظم میڈیکل کالج میں فرینڈز آف پولیس کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس کی ورکنگ اور کمیونٹی پولیسنگ سے متعلق ینگ ڈاکٹرز سے خطاب کیا۔**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات پر فرینڈز آف پولیس کے حوالے سے سیمنار کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے آغاز میں بہاولپور پولیس کے بارے میں ڈاکومنٹری دکھائی گئی اور ڈی پی او سید محمد عباس نے بہاولپور پولیس کے جدید خطوط پر ورکنگ اور کمیونٹی پولیسنگ سے جڑے پراجیکٹس بارے ینگ ڈاکٹرز کو تفصیل میں بتایا اور کہا کہ پولیس نے اس ملک وقوم کی حفاظت میں ان گنت قربانیاں دی ہیں۔تقریب سے پرنسپل قائد اعظم میڈیکل کالج ڈاکٹر صوفیہ فرخ، ایم ایس وکٹوریہ ہسپتال ڈاکٹر عامر بخاری، ڈی ایس پی سید اظہر رضا گیلانی اور صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر احمد ارسلان نے بھی خطاب کیا۔طلبہ نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے ساتھ سوالات و جوابات کا سیشن بھی کیا۔ڈی پی او اور پرنسپل نے طلبہ و طالبات کو فرینڈز آف پولیس کے بیجز بھی لگائے۔طلبہ وطالبات نے خود کو فرینڈز آف پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں انرول بھی کیا۔اس موقع پر طلبہ کا کہنا تھا کہ پولیس کے اس خوبصورت اور سافٹ چہرے کو پہلی دفعہ دیکھا ہے جس کا ہمیں کبھی اندازہ نہیں ہوا کہ پولیس شہریوں کیلئے اس قدر لگن اور محنت سے کام کر رہی ہے۔سیمینار کے اختتام پر ڈی پی او سید محمد عباس نے پروگرام میں شامل پرنسپل قائداعظم میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ فرخ، ایم ایس وکٹوریہ ہسپتال ڈاکٹر عامر بخاری، صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر احمد ارسلان و دیگر طلبہ کا شکریہ ادا کیا۔اسی دوران ڈاکٹرز حضرات کیلئے لرنر ڈرائیونگ لائسنس بھی کالج کے اندر ہی موبائل وین کے ذریعے بنوائے گئے۔جبکہ بعدازاں قائداعظم میڈیکل کالج کے طلبہ و طالبات کو بہاولپور پولیس کے مختلف پراجیکٹس کا دورہ کرایا گیا۔طلبہ کو پولیس کے پروٹوکول میں کالج پولیس خدمت مرکز لایا گیا جہاں پر انہیں خدمت مرکز میں دی جانے والی تمام سہولیات کے بارے میں فوکل پرسن فرینڈز آف پولیس ڈی ایس پی سید اظہر رضا گیلانی نے بریفنگ دی۔طلبہ کو پولیس تحفظ مرکز اور میثاق سینٹر کا بھی وزٹ کرایا گیا جہاں پر پولیس معاشرے کے کمزور ومحکوم طبقات اور اقلیتوں کی قانونی رہنمائی و مدد کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔بعدازاں کالج کے طلبہ کو ماڈل پولیس اسٹیشن بغداد الجدید کا وزٹ کرایا گیا۔تھانے میں آنے والے شہریوں کو دی جانے والی تمام سہولیات کے متعلق ڈی ایس پی سید اظہر رضا گیلانی اور ایس ایچ او بغداد الجدید نے بریف کیا۔طلبہ نے فرنٹ ڈیسک، حوالات، ایس ایچ او آفس، محرر آفس اور دیگر دفاتر کا وزٹ کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کی قائداعظم میڈیکل کالج میں فرینڈز آف پولیس کے حوالے سے منعقدہ سیمنار میں شرکت، پرنسپل قائد اعظم میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر صوفیہ فرخ اور ایم ایس وکٹوریہ ہسپتال ڈاکٹر عامر بخاری بھی ہمراہ موجود




بہاولپور: آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس اور ڈی ایس پی سید اظہر رضا گیلانی قائداعظم میڈیکل کالج کے ینگ ڈاکٹرز کو "فرینڈز آف پولیس" کے حوالے سے بہاولپور پولیس کے مختلف پراجیکٹس وزٹ کروا رہے ہیں



بہاولپور: آئی جی پنجاب کے ویژن اور ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں "فرینڈز آف پولیس" یوتھ انٹرن شپ پروگرام کے تحت پولیس لائن میں انچارج خدمت مرکز محمد ایوب ایس آئی لیکچر دے رہے ہیں